جو اللہ کی بندگی اور اس کی کامل اطاعت کا پیغام ہے' عصرِ حاضر کے پس منظر میں کھل کر سامنے آتا ہے اور قاری کو عمل پر اُبھارتا ہے۔ یہ سلسلۂ دروس مکمل ہوگا تو تفسیری لٹریچر میں اپنی نوعیت کا ایک اضافہ ہوگا۔ مثبت طرزِ اختیار کیا گیا ہے۔ قرآن کے لانے والے نے قرآن کو جس طرح پیش کیا ہے اسے سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے' چنانچہ سیرت کے حوالے جابجا نظر آتے ہیں۔

آج کل دینی کتب بھی بہت اہتمام سے اور خوب صورت شائع کی جارہی ہیں۔ دل چاہتا ہے کہ یہ کتب بھی اس معیار پر طبع ہوں کہ دیکھ کر دل خریدنے اور پڑھنے کو چاہے۔ اس کی بھی ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ کوئی ماہر مدیر خطیبانہ رنگ برقرار رکھتے ہوئے اس کی تدوین نو کرے تو اس کے فائدے اور تاثیر میں اضافہ ہو۔ (مسلم سجاد)

قرآن کی روشنی میں، ڈاکٹر سید رضوان علی ندوی۔ ناشر: مرکز فہم قرآن ۱۴-۱۵' فرسٹ فلور' ڈیلاوالا سنٹر' شون چورنگی' بلاک ۹' کلفٹن' کراچی۔ صفحات: ۳۶۶۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔

مصنف علمی حلقوں میں ایک معروف شخصیت ہیں۔ زیرنظر کتاب کی وجۂ تالیف یہ جذبہ ہے کہ سیرت و کردار کی تعمیر اور عہدِ حاضر کے مسائل کے لیے حقیقی رہنمائی قرآن ہی سے میسر آسکتی ہے۔ فی الواقع قرآن ہر دور کے لیے رہنما ہے۔ مصنف نے عقائد' عبادات' معاملات' اخلاقیات' معاشرت اور دیگر موضوعات پر قرآن و سنت کی روشنی میں جدید اسلوب میں رہنمائی فراہم کی ہے اور عہدِ جدید پر انطباق کیا گیا ہے۔

عہدحاضر کے حوالے سے جہاد کا تصور' جنگ و امن کے قرآنی اصول' اسلام کا نظریۂ مال و دولت' قرآن اور بین الاقوامی معاملات' نائن الیون کا واقعہ اور یہودیت وعیسائیت اور قرآن اور میڈیا کو بھی موضوع بنایا گیا ہے۔ خواتین کے حقوق اور دیگر مسائل بھی زیر بحث آئے ہیں۔

ہر موضوع پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ قرآنی آیات کے ساتھ ساتھ حسبِ ضرورت احادیث' صحابہ کرامؓ کے واقعات' جدید دور کی امثال اور اشعار بھی پیش کیے گئے ہیں۔ زبان شُستہ' رواں اور اسلوب عام فہم ہے۔ مصنف نے فکری و عملی زندگی قرآنی اصولوں پر استوار کرنے کی دعوت دی ہے اور قرآن کو حقیقی معنوں میں رہنما بنانے پر زور دیا ہے۔ بنیادی طور پر کتاب خطبات